سوال

(14)میرے صحابہ رضی اللہ عنہم چاند کے مانند ہیں

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

حدیث ''اصحابی''کالنجوم''کی تحقیق مطلوب ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

علامہ البانی رحمۃ اللہ علیہ کی تحقیق کے مطابق یہ روایت ''اصحابی کالنجوم۔۔۔۔۔۔الخ''موضوع ہے اوران کی تحقیق صحیح بھی معلوم ہوتی ہے کیونکہ علامہ موصوف نے اس روایت کے جمیع طریق کو جمع کیا ہے۔کچھ طرق میں متروک ومجہول راوی ہیں اورکچھ میں کذاب ووضاع بھی اورجس روایت کی سند میں راوی کذاب اوروضاع ہواسے موضوع ہی کہا جائے گا۔مزید معلومات علامہ البانی رحمہ اللہ صاحب کی اصل کتاب کے مطالعہ کرنے سے حاصل ہوسکتی ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ راشدیہ

صفحہ نمبر 97

محدث فتویٰ